ایل۔بی فلمز کا

असली नकली

# اصلی نقلی

اداکاران

دیوانند۔ سادھنا

سندھیا رائے

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# اصلی نقلی فلم کے گانے

نمبر ۱

ر کا ساز بھی ہے دِل کی آواز بھی ہے
رے گیتوں میں تم ہی تم ہو۔ تجھے ناز بھی ہے
چھیڑا میرے دل نے، ترانہ تیرے پیار کا
جس نے سنا کھو گیا۔ پورا نشہ ہو گیا

آنکھیں نہیں پیالے۔ دل ہوئے متوالے
راہیں تیری تنہائی۔ آنے لگے دیوانے
مِلا میرے گیت میں، فسانہ تیرے پیار کا
جس نے سنا کھو گیا پورا نشہ

---

گیسو ہے زنجیریں۔ قید ہوئی تقدیریں
ناچ رہی ہیں جوانیاں جیسے تیری تصویریں
ہائے تیرا نام بھی شگوفہ ہے بہار کا
جس نے سنا

---

بھولے بھالے قاتل
جینا کر دیا مشکل
جب بھی تو شرمائی۔ دِل میرا ہوا گھائل
خالی نہیں جاتا، نشانہ تیرے پیار کا
مِلتے ہی جو گیا زخمی وہ ہی ہو گیا

---

## گانا نمبر ۲

لاکھ چھپاؤ چھپ نہ سکے گا راز ہو کتنا گہرا
دِل کی بات بتا دیتا ہے اصلی نقلی چہرا
پھول میں خوشبو دِل میں چاہت کبھی نہ چھپنے پائی ہے
آنکھ سے جھلکی سرخی بن کر جب جب آگ دبائی ہے
خفیہ باتوں پر لگ نہیں سکتا خوشی کا پہرا
دِل کی بات ——

اب نہ ہم کو اور بناؤ۔ ہم نے تو پہچان لیا
ما گر سے ابھی گھر سے نکلے ہم نے تم کو جان لیا
جس کے من میں چور چھپا ہو سامنے آئے وہ ٹھہر
دِل کی بات ——

لوگ تو دِل کو خوش رکھنے کو کیا کیا ڈھونگ رچاتے ہیں
بھیس بدل کر اس دنیا میں بہروپیے بن جاتے ہیں
من درپن میں مکھڑا دیکھو اترا رنگ سنہرا
دِل کی بات ——
لاکھ چھپاؤ ——

## گانا نمبر ۳

ایک بت بناؤں گا تیرا اور پوجا کروں گا
مر جاؤں گا پیار اگر میں دوجا کروں گا
روپ کی چاندی پیار کا سونا پریم نگر سے لا کے
تیری سندر چھب ہی سجے گی دونوں سنگ ملا کے

رنگ دنیا کا میں تیری مورت میں بھر دوں گا
ارے ہم مر جاؤں گا —
من مندر میں تجھ کو بٹھا کے روز کرموں گا پاپ میں
شام سویرے ہر موسم میں تیوں گی ملاقاتیں
دل کا حال کہوں گا تجھ سے کبھی نہ ڈروں گا
ارے مر جاؤں گا —
دنیا ایک عجائب خانہ لیکن پھر بھی فانی
اس دھرتی پر امر رہے گی میری پریم کہانی
چاہے کتنے روپ ئیں آؤں تیرا رہوں گا
ارے مر جاؤں گا —
گانا نمبر ۷: کل کی دولت آج کی خوشیاں
اُن کی محفل اپنی گلیاں
اصل کیا ہے نقل کیا ہے
پوچھو دل سے میرے —
کل کی دولت —
توڑ کے اپنے ناطے رشتے
آیا میں دل والوں میں
سچ کہتا ہوں جور ہے زیادہ
دولت کے رکھوالوں میں
کل کی دولت —
اس دنیا نے بات نہ پوچھی

اس دُنیا نے پیار دیا
بیٹھا من کے راج محل میں
سپنوں کا سنسار دیا
کل کی دولت ــــ

آسماں پر رہنے والو
دھرتی کو تو پہچانو
پھول اسی مٹی میں مہکے
تم مانو یا نہ مانو
کل کی دولت ــــ

گانا نمبر ۵: ــ تجھے جیون کی ڈور میں باندھ لیا ہے
تیرے ظلم و ستم سر آنکھوں پر
میں نے بدلے میں پیار کے پیار دیا ہے
تیری خوشیاں اور غم سر آنکھوں پر
ایسا کوئی آئے تو دیکھوں نہیں
کوئی بہکا دے سن کے تو بہکوں نہیں
تورے متوا نے نینوں نے جادو کیا
تیری اُلفت صنم سر آنکھوں پر
تجھے جیون ــــ

میرے جیون کی ان مٹ کہانی ہو تم
میری تقدیر اور زندگانی ہو تم
یہ بھرے ہیں سب سے چھپائے ہوئے

تیری لے پر ہم سر آنکھوں پر
تجھے جیون —
چاند سورج بھی ہیں تیری پرچھائیاں
تجھ سے روشن ہوئیں دل کی گہرائیاں
تیرے چہرے کی جھلمل سے منزل ملی
ایسی پیاری ہو تم سر آنکھوں پر

گانا نمبر ۶

گوری ذرا ہنس دے تو ہنس دے تو ہنس دے ذرا
چھوری ذرا ہنس دے تو ہنس دے تو ہنس دے ذرا
او ضدی چھوکری بھیوں کی ٹوکری
اری خفا دو بھری پڑیا
چھوٹی سی بٹیا کر بھر لجیا
نہ کر غصہ میری گڑیا — گوری ذرا —
جیون کے راستے ملنے کے واسطے
تیرے رہنا ہم تیری نیتا
تجھ کو گھماؤں گا دنیا دکھاؤں گا
نہ کر جھگڑا میری رنیا — گوری ذرا —
میری لکھنؤ پتلی جلبلی سے اچھلی
بڑی بھولی تیری دنیا
چلتے بن تیرے آتی شرمیلے
تیری ضدی میری منیا — گوری —

گانا نمبر ۔

تیرا میرا پیار امر۔ پھر کیوں مجھ کو لگتا ہے ڈر
میرے جیون ساتھی بتا۔ کیوں دل دھڑکے رہ رہ کر
کیا کہا ہے چاند نے۔ جس کو سن کر چاندنی
ہر لہر پر جھوم کے۔ کیوں یہ ناچنے لگی
چاہت کہتی ہے ہر سو اثر۔ پھر کیوں مجھ کو ـــــ
تیرا میرا پیار ـــــ

کہہ رہا ہے میرا دل
اب یہ رات نہ کبھی ڈھلے
خوشیوں کا یہ سلسلہ۔ ایسے ہی چلا چلے
تجھ کو دیکھوں دیکھوں جدھر
پھر کیوں مجھ کو ـــــ تیرا میرا پیار ـــــ
ہے شباب پر اُمنگ
ہر خوشی جوان ہے
میری دونوں باہوں میں
جیسے آسمان ہے
چلتی ہوں میں تاروں پر مگر
پھر کیوں مجھ کو لگتا ہے ڈر
تیرا میرا پیار ـــــ

ختم شد

# پر اسرار غضب کے جاسوسی ناول

| | | | |
|---|---|---|---|
| جانباز جاسوس | 1/4/- | خومنچو کا سایہ | 4/-/- |
| " " حصہ دوئم | 1/4/- | خومنچو کی بیٹی | 4/-/- |
| تین نقاب پوش | 1/-/- | ڈاکٹر خومنچو | 3/-/- |
| دہلی کے عیاش | 1/-/- | ڈاکٹر خومنچو کا انتقام | 3/-/- |
| خونی نشان | 1/-/- | سمندری ڈاکو | 1/-/- |
| ڈاکو شمشاد | 1/-/- | باپ کا قاتل | 1/-/- |
| خونی شہزادہ | 1/-/- | خونی چھتری | 1/-/- |
| بہادر ٹارزن | 1/8/- | تین ڈاکو | 1/-/- |
| چینی فرشتہ | 1/4/- | دو لاشیں | -/12/- |
| جادوگر جاسوس | 1/4/- | خونی کھنڈر | -/12/- |
| جادوگر حسینہ | 1/4/- | سراغ رساں | -/12/- |
| موت کا مینار | 1/4/- | گردش دوراں | 3/8/- |
| خونی چراغ | 1/8/- | چلتا پرزہ | 1/8/- |

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

**رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی**

(الہ آباد پریس دہلی)